# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 1st December, 2025 at 5.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**3.** **MR. AHMED SALEEM SIDDIQUI** **SYED HAFEEZUDDIN**
**MR. MUHAMMAD MOIN AAMER PIRZADA** **MR. ABDUL ALEEM KHAN** to invite attention of the Minister for Law and Justice and Human Rights, to a matter of urgent public importance regarding non-appointment of a regular bench of the Federal Service Tribunal (FST) at Karachi since October, 2024, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILLS

**4.** **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to introduce a Bill to amend the Inter-Boards Coordination Commission Act, 2023 [The Inter-Boards Coordination Commission (Amendment) Bill, 2025].

**5.** **MR. AHSAN IQBAL CHAUDHARY,** Minister for Planning, Development and Special Initiatives, to introduce a Bill further to amend the General Statistics (Reorganization) Act, 2011 [The General Statistics (Reorganization) (Amendment) Bill, 2025].

### LEGISLATIVE BUSINESS

**6.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill further to amend the Federal Prosecution Service Act, 2023 [The Federal Prosecution Service (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**7.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill further to amend the Federal Prosecution Service Act, 2023 [The Federal Prosecution Service (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**8.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Human Rights, to move that the Bill to amend the National Commission for Human Rights Act, 2012 [The National Commission for Human Rights (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**[Amendments entered in a separate list to be moved]**

**9.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Human Rights, to move that the Bill to amend the National Commission for Human Rights Act, 2012 [The National Commission for Human Rights (Amendment) Bill, 2025], be passed.

### MOTION OF THANKS

**10.** **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

### MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**11.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**12.** **MS. ALIYA KAMRAN** **MR. MUHAMMAD USMAN BADINI**
**MS. SHAHIDA BEGUM** to invite attention of the Minister for Communications, to a matter of urgent public importance regarding dilapidated condition of National Highways in the country especially in Balochistan, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**30th November, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، یکم دسمبر، ۲۰۲۵ء شام پانچ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **جناب احمد سلیم صدیقی** **سید حفیظ الدین** **جناب محمد معین عامر پیرزادہ**
**جناب عبدالعلیم خان**

وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو اکتوبر، ۲۰۲۴ء سے کراچی میں وفاقی سروس ٹربیونل (ایف ایس ٹی) کے ریگولر بینچ کی عدم تقرری سے متعلق ہے۔

### بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں ترمیم کرنے کا بل [انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

۵۔ **جناب احسن اقبال چوہدری**، وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات، عمومی شماریات (تنظیم نو) ایکٹ، ۲۰۱۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [عمومی شماریات (تنظیم نو) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

### قانون سازی

۶۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل پراسیکیوشن سروس ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فیڈرل پراسیکیوشن سروس (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۷۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل پراسیکیوشن سروس ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فیڈرل پراسیکیوشن سروس (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۸۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں ترمیم کرنے کا بل [قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۹۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں ترمیم کرنے کا بل [قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

### تحریک تشکر

۱۰۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

### نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۱۱۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۱۲۔ محترمہ عالیہ کامران جناب محمد عثمان بادینی محترمہ شاہدہ بیگم وزیر برائے مواصلات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ملک باالخصوص بلوچستان میں قومی شاہرات کی خستہ حالی سے متعلق ہے۔

اسلام آباد،
۳۰نومبر،۲۰۲۵ء

طاہر حسین
سیکرٹری جنرل